Digitized by Khilafat Library Rabwah

خدا تعالیٰ کے بیشمار فضلوں کے درمیان اور اسلامی اخوت و محبت سے معمور فضا میں

مرکزِ سلسلہ عالیہ احمدیہ ربوہ میں جماعتِ احمدیہ کا پچاسی ۸۵ واں بابرکت جلسہ سالانہ شروع ہو گیا

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے بصیرت افروز خطاب اور اجتماعی دعا کے ساتھ جلسہ کا افتتاح فرمایا

جلسہ سالانہ کی اہمیت و عظمت کو سمجھتے ہوئے اس سے زیادہ سے زیادہ روحانی برکات حاصل کرنے کی کوشش کرو

پاکستان بھر کی احمدی جماعتوں کے علاوہ امریکہ، افریقہ، انگلستان، جرمنی، سویڈن، ڈنمارک، انڈونیشیا، ماریشس، فجی اور ملائیشیا کے احمدی احباب کی شرکت

ربوہ ۱۵ محرم الحرام ۱۳۹۸ ہجری (۲۶ فتح ۱۳۵۶ ہش / ۲۹ دسمبر ۱۹۷۷ء) آج بروز دوشنبہ جماعتِ احمدیہ کا پچاسی واں مقدس و بابرکت جلسہ سالانہ اللہ تعالیٰ کے بے حد و حساب فضلوں اور رحمتوں کے درمیان اپنی تمام مخصوص برکات کے ساتھ اسلامی اخوت و محبت کے روح پرور ماحول میں شروع ہو گیا۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک نہایت ایمان افروز خطاب اور اجتماعی دعا کے ساتھ اس کا افتتاح فرمایا جس میں حضور نے اس جلسہ کی اہمیت و عظمت کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ یہ جلسہ دنیا کے دوسرے عام جلسوں اور اجتماعوں کی طرح نہیں ہے کیونکہ اس کی بنیاد سیدنا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عظیم روحانی فرزند جلیل نے رکھی ہے جس کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود سلامتی کی دعا فرمائی۔ اس دعا میں صرف حضرت مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام ہی شامل نہیں ہیں بلکہ آپ کی وہ جماعت بھی شامل ہے جسے قرآنی بشارت لیظہرہ علی الدین کلہ کے ماتحت اس زمانہ میں محبت و پیار کے ساتھ نوعِ انسانی کے قلوب کو جیت کر اسلام کے جھنڈے تلے جمع کرنے کا عظیم کام سونپا گیا ہے اور جس کے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے یہ فرمایا ہے کہ اس سلسلہ کی بنیاد وی اینٹ اللہ تعالیٰ نے خود اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس نے اس میں شامل ہونے کے لئے قومیں تیار کی ہیں۔ حضور نے فرمایا گو ابھی یہ قومیں سلسلہ عالیہ احمدیہ میں شامل نہیں ہوئیں لیکن ان کے ہراول دستوں کے کچھ نمونے آج اس جلسہ میں بھی بیرونی ممالک کے ان باشندوں کی صورت میں موجود ہیں جو مختلف ممالک اور مختلف اقوام پر مشتمل احمدی جماعتوں کے نمائندوں کے طور پر اس مقدس جلسہ میں شامل ہونے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ حضور نے اس امر پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ ہمارے اس جلسہ میں گذشتہ سال کی نسبت زیادہ تعداد میں احباب شامل ہوئے ہیں چنانچہ جلسہ سے ایک دن قبل یعنی ۲۵ دسمبر کی شام کی رپورٹ یہ ہے کہ کھانے کی پرچی کے لحاظ سے سالِ گذشتہ کی نسبت خواتین کی تعداد میں دو ہزار کے قریب اور مردوں کی تعداد میں سترہ ہزار کے قریب اضافہ ہوا ہے۔ الحمد للہ علیٰ ذٰلک۔

آخر میں حضور نے احبابِ جماعت کو اپنے مقام کی اہمیت کو سمجھنے اور پھر اس کے مطابق اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرنے اور اس مقدس جلسہ کی برکات سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی نصیحت فرمائی۔

بیرونی ممالک کے نمائندگان

حضور کے اس افتتاحی خطاب کے وقت وسیع و عریض جلسہ گاہ سامعین سے پُر ہو چکی تھی جن میں پاکستان کے کونے کونے سے تشریف لانے والے احمدی احباب کے علاوہ بیرونی ممالک سے آنے والے وہ دوست بھی شامل تھے جنہوں نے انفرادی طور پر یا وفود کی صورت میں مختلف ممالک کی احمدی جماعتوں کے نمائندوں کے طور پر جلسہ میں شامل ہونے کی توفیق و سعادت پائی۔ ان کی تعداد بھی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سالِ گذشتہ کی نسبت خاصی زیادہ ہے۔ چنانچہ صرف امریکن احمدیوں کا وفد ۳۳ اصحاب پر مشتمل ہے جو مکرم عبد الرحیم صاحب ظفر امیر جماعت احمدیہ ڈیٹن (اوہائیو) کی سرکردگی میں یہاں پہنچا ہے۔ ان میں ۱۵ امریکن نومسلم بہنیں بھی شامل ہیں۔ انڈونیشی احمدیوں کا وفد ۳۱ اصحاب پر مشتمل ہے جن میں ۱۸ خواتین ہیں۔ غانا (مغربی افریقہ) سے ۶ افریقن احمدیوں کا وفد اس دفعہ آیا ہے۔ جلسہ کے پہلے دن کی رپورٹ کے مطابق مندرجہ بالا ممالک کے علاوہ انگلستان، مغربی جرمنی، سویڈن، ڈنمارک، ٹرینیڈاڈ، جزائر فجی، ماریشس، ملائیشیا، نائیجیریا اور سیرالیون کی جماعتوں کے نمائندگان بھی تشریف لائے ہیں۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی تشریف آوری

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نو بجکر ۲ منٹ پر بذریعہ کار جلسہ گاہ میں تشریف لائے۔ جونہی حضور سٹیج پر رونق افروز ہوئے جلسہ گاہ کی پوری فضا اللہ اکبر، اسلام زندہ باد اور حضرت خلیفۃ المسیح زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی۔ چونکہ احباب ابھی بکثرت تشریف لا رہے تھے اس لئے حضور نے کچھ وقت ان کا انتظار فرمایا بعدہٗ مکرم ڈاکٹر حافظ مسعود احمد صاحب آف لمبر گودھا نے تلاوتِ قرآن پاک کے ساتھ کارروائی کا آغاز کیا۔ تلاوت کے بعد مکرم الحاج چوہدری شبیر احمد صاحب (وکیل المال اوّل) نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے منظوم کلام میں سے چند منتخب اشعار خوش الحانی کے ساتھ پڑھ کر سنائے۔

تلاوت و نظم کے بعد ۹ بجکر چالیس منٹ پر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تکبیر کے درمیان اپنا ایمان افروز افتتاحی خطاب شروع فرمایا جس کا ملخص اپنے الفاظ میں درج ذیل کیا جاتا ہے۔

(باقی صفحہ ۲ پر)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً
فون ۴۹
رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴
روزنامہ الفضل ربوہ
یوم منگل
ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی
The Daily ALFAZL RABWAH
قیمت فی پرچہ ۳۵ پیسے
جلد ۶۶/۳۱ | ۱۶ محرم ۱۳۹۸ھ | ۲۷ فتح ۱۳۵۶ھ | ۲۷ دسمبر ۱۹۷۷ء | نمبر ۲۸۹

پبلشر: مسعود احمد۔ پرنٹر: سید عبد الحی۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقامِ اشاعت: دفتر الفضل دار الرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا بصیرت افروز خطاب

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تشہد و تعوذ اور سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا ہمارا یہ جلسہ دوسرے عام جلسوں یا اجتماعوں کی طرح کوئی معمولی جلسہ نہیں ہے اس کی بنیاد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عظیم روحانی فرزند کے ہاتھ سے خدا تعالیٰ نے رکھی جس کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب وہ مہدی موعود دُنیا میں آئے تو میری طرف سے اسے سلام پہنچایا جائے۔ حضورؐ نے مہدی موعود علیہ السلام کو سلام پہنچانے کی جو عظیم دعا فرمائی اس میں اس کی جماعت بھی شامل ہے گویا اس کے لئے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سلامتی کی دعا فرمائی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان دعاؤں اور بشارتوں کا اہل بنائے۔ آمین

حضور نے فرمایا اس جلسہ کا ذکر کر کے حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اب صاف ظاہر ہے اس بنیادی اینٹ کے اُوپر جو عمارت کھڑی ہوگی اس کی بھی اللہ تعالیٰ خود حفاظت کرے گا اور دُنیا کی طاقتیں اس میں روک نہیں بن سکتیں۔ اس سلسلہ کو اللہ تعالیٰ نے اس لئے قائم کیا تا دینِ حق کو مضبوطی کے ساتھ دُنیا میں قائم کر دیا جائے اور اسلام کو دُنیا میں ایسے رنگ میں غالب کر دیا جائے کہ لیظھرہٗ علی الدّین کُلّہٖ کی قرآنی بشارت پوری ہو۔ یہ غلبہ تلوار یا کسی ایٹمی طاقت کے ذریعہ مقدر نہیں ہے بلکہ محبت، پیار اور ہمدردی کے ساتھ دُنیا کے قلوب کو جیت کر انہیں اسلام کے جھنڈے تلے اُمّتِ واحدہ کے طور پر جمع کرنے کا کام ہمارے سپرد کیا گیا ہے گویا جماعت کی تمام کمزوریوں کے باوجود اسے خدا نے اپنا ایک ہتھیار بنا لیا ہے تاکہ اسلام دُنیا میں غالب ہو لیکن غلبۂ اسلام کی عظیم بشارتوں کو پورا کرنے کی ذمہ داری کو آپ نے اپنی قربانیوں کے ذریعہ پورا کرنا ہے۔ ہماری یہ جدوجہد کسی دنیوی اقتدار کے لئے نہیں ہے بلکہ صرف حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا جھنڈا دُنیا میں گاڑنے کے لئے ہے۔

حضور نے فرمایا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ یہ وہ جماعت ہے جس میں شامل ہونے کے لئے قومیں تیار کی گئی ہیں۔ یہ بشارت آپ کو اس زمانہ میں دی گئی جبکہ ابھی قومیں تو کیا افراد بھی آپ کی جماعت میں شامل نہ تھے۔ گو ابھی یہ بشارت پوری ہونی ہے مگر اس کے آثار ابھی سے ظاہر ہونے لگے ہیں چنانچہ ان قوموں کے ہراول دستوں کے کچھ نمونے اس جلسہ میں بھی غیر ملکی جماعتوں کے نمائندوں کے طور پر آپ کے سامنے بیٹھے ہیں۔ حضور نے فرمایا ہمارا خدا سچے وعدوں والا ہے اور وہ علّام الغیوب ہے اس نے جو وعدے کئے ان کے پورا ہونے کے ابتدائی آثار ظاہر ہونے شروع ہو گئے ہیں چنانچہ دُنیا میں حق کی طرف میلان شروع ہو گیا ہے عیسائیت جو اسلام کو مغلوب کرنے کی دعویدار تھی اب اُس کا اپنا یہ حال ہے کہ چرچ کے خلاف ایک انقلابی رَو شروع ہو گئی ہے خود عیسائی پادری اور سکالرز عیسائیت کے بنیادی عقائد کے خلاف کتب لکھ رہے ہیں لیکن اس میں میرا یا آپ کی کوشش کا ہاتھ نہیں یہ آسمان کے فرشتے ہیں جو اسلام کی تائید میں کام کر رہے ہیں۔

حضور نے فرمایا یہ اُس جماعت کا جلسہ ہے جس نے اس زمانہ میں اسلام کو دُنیا میں پھیلانا ہے آپ میں سے ہر ایک کو اپنا مقام سمجھنا چاہیئے۔ اس میں شک نہیں کہ ہم انتہائی حقیر اور عاجز بندے ہیں ہم میں کوئی طاقت نہیں ہے۔ ہم حقیر ذرّے ہیں لیکن ہمارے خدا نے یہ کہا ہے کہ میں ان حقیر ذرّوں کے ذریعہ دُنیا میں اسلام کے حق میں وہ عظیم مذہبی اور روحانی انقلاب بپا کروں گا جو کبھی نوعِ انسان نے نہیں دیکھا۔ ہم لوگ آج یہاں پر اپنی عظیم ذمہ داریوں کو سمجھنے اور پھر انہیں ادا کرنے کا عزم کرنے کے لئے جمع ہوئے ہیں پس جلسہ کے ان ایام سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھانے کی کوشش کرو اور ایسی پاکیزہ فضا پیدا کرو جس پر فرشتے بھی رشک کریں۔ جلسہ کے ایام میں ربوہ کی پوری فضا ایک دوسرے کو السلام علیکم کی دعائیں دینے سے گونج اُٹھنی چاہیئے۔ اپنے وقت کا زیادہ سے زیادہ حصہ دعاؤں میں گذارو۔ حضور نے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و احسان ہے کہ اس دفعہ دوست نمایاں طور پر زیادہ تعداد میں جلسہ میں شامل ہوئے ہیں چنانچہ کل (۲۵ دسمبر) شام کی رپورٹ یہ ہے کہ کھانے کی پرچی کے لحاظ سے خواتین میں دو ہزار کے قریب اور مردوں میں سترہ ہزار کے قریب سال گذشتہ کی نسبت اضافہ ہوا ہے، الحمد للہ۔ حضور نے موسم کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کل ظہر و عصر کی نماز کے لئے میں باہر نکلا تو بادل چھائے ہوئے تھے اور بوندا باندی ہو رہی تھی۔ میں نے نماز میں دعا کی اور اللہ تعالیٰ نے ایسا فضل کیا کہ نماز ابھی ختم نہ ہوئی تھی کہ مطلع صاف ہو گیا اور آج دھوپ بھی نکل آئی ہے۔

آخر میں حضور نے پھر نصیحت فرمائی کہ جلسہ کے ایام سے زیادہ سے زیادہ روحانی فائدہ اُٹھانے کی کوشش کرنی چاہیئے اللہ تعالیٰ ہم سب کو نواہی سے بچنے اور امر کو ادا کرنے کی توفیق اور طاقت عطا فرمائے اور اپنے فضلوں اور رحمتوں کا ہمیں وارث بنائے۔ آمین

اس کے بعد حضور نے فرمایا اب ہم اجتماعی دعا کریں گے۔ درحقیقت ہماری اجتماعی دعا یہی ہونی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ توحیدِ خالص کو دُنیا میں قائم کر دے اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیار کو ہر دل میں گاڑ دے۔ آمین

اس کے بعد اجتماعی دعا ہوئی جس کے بعد حضور واپس تشریف لے گئے اور جلسہ کی کارروائی پروگرام کے مطابق جاری رہی۔

جلسہ سالانہ قادیان بخیر و خوبی سرانجام پا گیا

جلسہ سالانہ قادیان ۱۸ دسمبر ۱۹۷۷ء کو شروع ہو کر ۲۰ دسمبر ۱۹۷۷ء کو اختتام پذیر ہوا۔ جلسہ سالانہ کے لئے پہلا وقت ۱۰ بجے تا ساڑھے بارہ بجے اور دوسرا وقت ۲½ بجے تا ۴½ بجے تھا۔ علماء کرام اور ذی علم اصحاب نے مختلف موضوعات پر تقاریر کیں جنہیں سامعین نے بہت دلچسپی کے ساتھ سُنا۔ ۲۰ تاریخ کی رات کو خدام الاحمدیہ کے زیرِ انتظام ایک تربیتی جلسہ بھی ہوا جس میں سب خدام اور مہمان اصحاب نے شمولیت کی۔

جلسہ گاہ میں حاضری تین ہزار سے چار ہزار تک رہی۔ ہندوستان کے مختلف صوبجات سے آنے والے احباب کے علاوہ غیر ملکی احباب امریکہ، کینیڈا اور جرمنی سے آ کر شاملِ جلسہ ہوئے۔ بعض غیر ملکی اصحاب نے اپنے قبولِ اسلام و احمدیت کے ایمان افروز واقعات بھی سُنائے جن سے خصوصاً غیر مسلم شرفا بہت متاثر ہوئے۔

مستورات کے لئے الگ جلسہ گاہ کا انتظام کیا گیا تھا جن کی تعداد سات سو سے متجاوز تھی۔

ان دنوں مرکزی مساجد میں نمازِ تہجد باجماعت اور درس کا خاطر خواہ انتظام رہا۔ مستورات کے لئے نماز باجماعت کا الگ انتظام تھا جہاں لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ آواز پہنچتی رہی۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مجموعی طور پر تینوں دن موسم اچھا رہا۔ جلسہ گاہ کو قطعات آویزاں کر کے سجایا گیا تھا۔ غیر از جماعت معززین و پریس کے نمائندگان کے لئے کرسیوں کا انتظام تھا۔ حکومتِ ہند اور حکومتِ پنجاب کے افسرانِ اعلیٰ نے جماعتِ احمدیہ کے جلسہ سالانہ کی کامیابی کے سلسلہ میں پیغامات بھجوائے۔ (نظارت خدمتِ درویشاں)

ربوہ کی گلیوں، بازاروں اور فضا کو پاکیزہ رکھنا ہر مقیم اور زائر کا فرض ہے

شعائر اللہ کی تعظیم دلوں کے تقویٰ کی علامت ہے۔ دار الہجرت ربوہ بھی شعائر میں سے ہے لہٰذا اس کی کماحقہٗ تعظیم ہم سب کا فرض ہے۔ بالخصوص جلسہ کے ایام میں یہ ذمہ داری بہت بڑھ جاتی ہے پس جملہ اہالیانِ ربوہ اور مہمانوں سے درخواست ہے کہ:

۱۔ ربوہ کے ماحول اور گلی کوچوں کو نہ صرف ظاہری طور پر صاف ستھرا اور پاکیزہ رکھیں بلکہ روحانی لحاظ سے بکثرت ذکرِ الٰہی اور درود سے اس فضا کو معمور رکھیں۔

۲۔ بازاروں اور گلیوں کے حقوق ادا کریں۔ تکلیف دہ چیزوں کو راستوں سے دُور کریں۔ چھلکوں اور کاغذوں اور خالی لفافوں کو بازاروں اور سڑکوں میں اِدھر اُدھر نہ پھینکیں بلکہ کوڑا کرکٹ کی جگہوں پر پھینکیں۔

۳۔ اگر آپ تمباکو نوشی کے عادی ہیں تو کم از کم بازاروں اور پبلک جگہوں میں تمباکو نوشی سے پرہیز کریں یہ معاشرے کا آپ پر حق ہے۔

۴۔ ایک دوسرے کو سلام کہنے میں سبقت لے جانے کی کوشش کریں یہاں تک کہ ربوہ کی فضا سلاماً سلاماً کی آوازوں سے گونجنے لگے۔

۵۔ ناپسندیدہ باتوں سے پیار اور حکمت کے ساتھ لوگوں کو روکیں، اچھی باتیں کرنے کی عمدگی سے تلقین کریں، یاد رکھیں اسلامی اخلاق اور آدابِ معاشرت کی حفاظت ہم سب کا فرض ہے۔ آپ بھی اس کے ذاتی طور پر ذمہ دار ہیں۔

۶۔ جلسہ گاہ کی حاضری بڑھانے کی کوشش کریں۔

(شعبہ تربیت جلسہ سالانہ ۱۹۷۷ء)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اعلان نکاح

الحمد للہ کہ مورخہ ۱۲/۲۲ ۲ بعد نماز جمعہ مسجد نور راولپنڈی میں مکرم محترم خواجہ عبدالغفار صاحب ڈار سیکرٹری تحریک جدید راولپنڈی سابق ایڈیٹر ہفت روزہ اصلاح سرینگر (کشمیر) کی بچی عزیزہ نعیمہ ڈار صاحبہ سلمہا اللہ تعالیٰ کا نکاح مکرم محمد یوسف صاحب بی۔ اے ابن محترم خواجہ محمد عبداللہ صاحب کے ساتھ مبلغ سات ہزار روپے حق مہر پر مربی سلسلہ مکرم مولوی محمد شفیع صاحب اشرف نے پڑھا۔ مورخہ ۱۲/۲۲ کو رخصتانہ کی تقریب عمل میں آئی اور عزیزہ کو دعاؤں کیساتھ رخصت کیا گیا۔ اگلے روز دلہا کے بھائی محترم ڈاکٹر خواجہ محمد افضل صاحب نے انکی طرف سے دعوت ولیمہ کا انتظام کیا جس میں مقامی عہدیداران اور دیگر احباب جماعت علاوہ بہت سے دوسرے دوست بھی شامل ہوئے۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس تعلق کو ہر لحاظ سے خیر و برکت کا باعث بنائے اور مثمر بثمرات حسنہ کرے اور ہر طرح حافظ و ناصر ہو۔

(محمد یوسف ناصر۔ واقف زندگی۔ انسپکٹر تحریک جدید۔ مقیم راولپنڈی)

آگ یا گرم پانی سے جلنے یا دیگر جلدی بیماریوں مثلاً داد، چنبل، پھوڑے پھنسیاں اور خارش وغیرہ کا

کامیاب علاج

ہمراز ویلڈن آئنٹمنٹ

تیار کرنے والے ہمراز فارمیسی لاہور

فروخت بر موقعہ جلسہ سالانہ

متصل خلافت لائبریری

قابل فروخت

(۱) نئی طرز کی کالونی جات۔ ہر محلہ کے نزدیک ایک کنال۔ ۱۰ مرلے۔ ۵ مرلے کے پلاٹ مل سکتے ہیں۔

(۲) ہر محلہ میں ایک کنال۔ دو کنال۔ ۱۰ مرلے میں تعمیر شدہ مکان اور خالی پلاٹس موجود ہیں

خرید و فروخت کیلئے آپ کا قابل اعتماد ادارہ

جو ایک عرصہ سے آپ کی خدمت کر رہا ہے

احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ پراپرٹی ڈیلرز

نزد بنک قومی بچت۔ انس مارکیٹ۔ ربوہ

۱۹۷۴ء کے بعد

ترقی کی طرف ایک اور قدم

دواخانہ حکیم نظام جان ۱۹۱۱ء سے اپنی دکھی مخلوق کی خدمت کرتا چلا آرہا ہے۔ گوجرانوالہ میں اب زچہ بچہ کے لئے مکمل انتظامات کئے ہیں۔ زنانہ امراض کا خاطر خواہ بندوبست ہے۔

دواخانہ حکیم نظام جان گوجرانوالہ۔ مینجر انوار احمد جان

کریم کالونی نزد فیکٹری ایریا۔ ربوہ

دس مرلہ اور پانچ مرلہ کے رہائشی پلاٹس فیکٹری ایریا سے بفاصلہ قریباً تین فرلانگ۔ نہایت موزوں جگہ سیلاب سے محفوظ۔ پانی میٹھا۔ کشادہ سڑکیں ۲۰ فٹ۔ مناسب قیمت پر قابل فروخت ہیں۔ رجوع فرمائیں۔

بلال اسٹیٹس رجسٹرڈ۔ پراپرٹی ڈیلرز

فون دفتر ۵۰۸ ——— ۱۵۔ اقصیٰ روڈ۔ ربوہ ——— فون رہائش ۴۰۵

ٹینڈر نوٹس

بلدیہ گوجرہ کے منظور شدہ ٹھیکیداران کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بلدیہ گوجرہ کو اپنے نئے بس اسٹینڈ میں بھرتی مٹی اور سولنگ کی تکمیل کے لئے مورخہ ۷۷-۱۲-۳۱ کو حسب ذیل شرائط پر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ اس کام کا تخمینہ مبلغ ۲۷۷۰۰۰/- روپے ہے جس کو عرصہ ۱½ ماہ میں مکمل کرنا ہوگا۔

شرائط

۱۔ ٹینڈر فارم کھلنے کی تاریخ سے ایک یوم قبل جاری کئے جائیں گے۔ مقررہ تاریخ کو کوئی ٹینڈر فارم جاری نہیں کیا جائیگا۔

۲۔ ٹینڈر مورخہ ۳۱/۱۲ کو ایک بجے بعد دوپہر حاضر ٹھیکیداران یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

۳۔ کٹے پھٹے، مشکوک اور ردائٹنگ والے ٹینڈر قبول نہیں کئے جائیں گے۔

۴۔ ناظم بلدیہ بغیر کسی وجہ بتائے کسی ایک یا تمام ٹینڈر منسوخ کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

۵۔ ٹینڈر کے ساتھ اسٹیمیٹ کا دو فیصد بطور زر ضمانت بنک کال ڈیپازٹ کی شکل میں آنا لازمی ہے۔

۶۔ اسٹیمیٹ و دیگر معلومات دفتری اوقات میں دفتر سب انجینئر بلدیہ گوجرہ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

المشتہر

محمد صابر ملک

ناظم۔ بلدیہ۔ گوجرہ

ضلع فیصل آباد

IPL-5374

نصرت آباد کالونی (گورنمنٹ کی منظور شدہ)

ربوہ محلہ دارالرحمت کے نزدیک برلب چنیوٹ ساہیوال روڈ۔ بہترین جگہ۔ پانی میٹھا۔ دس مرلہ کے رہائشی و کمرشل پلاٹس نہایت موزوں قیمت پر قابل فروخت۔ رجوع فرمائیں۔

بلال اسٹیٹس (رجسٹرڈ) پراپرٹی ڈیلرز

فون دفتر ۵۰۸ ۱۵۔ اقصیٰ روڈ۔ ربوہ فون رہائش ۴۰۵

عزیزیہ کالونی

پانچ مرلے۔ دس مرلے اور ایک کنال کے رہائشی پلاٹ سیلاب سے محفوظ کشادہ سڑکیں ۶۰، ۳۰، ۲۰ فٹ۔ کھلی گلیاں۔ شاندار آب و ہوا۔ سکول۔ ڈسپنسری مساجد۔ پبلک پارک کی جگہیں مخصوص ہیں۔ بجلی کی سہولت میسر۔ ملحقہ ربوہ۔ نہایت ارزاں قیمت پر۔ پہلے آئیے۔ پہلے مخصوص کرائیے کی بنیاد پر دستیاب ہیں۔ نادر موقعہ سے فائدہ اٹھائیں۔

تفصیلات کیلئے رجوع کیجئے

بااعتماد ادارہ ——— بے لوث خدمت

ندیم کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز۔ رجسٹرڈ

ریلوے روڈ بالمقابل ریلوے اسٹیشن (رحمت بازار) ربوہ

الفضل میں اشتہار دیکر اپنے کاروبار کو فروغ دیجئے۔ (مینجر)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نزد ربوہ باموقع زرعی زمین

رقبہ ۔ ۴ ایکڑ قریباً ۔ نزد ربوہ ۔ پانی نہری و سرکاری ٹیوب ویل ۔ باموقع ارزاں قیمت پر رجوع فرمائیں!

بلال سٹیٹس (رجسٹرڈ) پراپرٹی ڈیلرز

۱۵۔ اقصیٰ روڈ ۔ ربوہ

فون دفتر ۵۰۸ ——— فون رہائش ۴۰۵

ہومیو پیتھک و بائیوکیمک ادویات

معیاری مدر ٹنکچرز پوٹینسیاں

۶۔۳۰۔۲۰۰۔۱۰۰۰۔۱۰۰۰۰۔

اور ایک لاکھ طاقت تک ۔ سلک شوگر گولیاں ۔ ٹکیاں ۔ خالی شیشیاں اور ہومیو پیتھک و بائیوکیمک کتب وغیرہ پاکستان کے تھوک فروشوں کے متوازی نرخوں پر ہم سے خرید فرماویں۔

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی گولبازار ربوہ

فون ۶۰۶/۶۰۷

شربت خانہ ساز

نزلہ، زکام، کھانسی، انفلوئنزا، دمہ نما کھانسی نیز امراض سینہ کے لئے بہت ہی مفید۔

قیمت تین روپیہ

تیار کردہ دواخانہ خدمت خلق (رجسٹرڈ) ربوہ

عورتوں کے امراض کی مجرب دوائیں ★ لیکوری ★ فیمیل ٹانک ★ اٹھر اکورس ★ اولاد نرینہ کورس ★ اینٹی برتھ ٹانک ★ سٹیریلیٹی کورس ★ فیسلین۔

شاہ ہومیو پیتھک سٹور رحمت بازار ربوہ

جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب

جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے ہمیں یاد رکھیں!

احمد سٹیٹس

پراپرٹی ڈیلرز۔ انس مارکٹ ربوہ

(بالمقابل ایوان محمود)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

ہمدردانہ مشورہ اور کامیاب علاج

مطب ناصر دواخانہ

گولبازار ربوہ

فون ۵۳۴

جلسہ سالانہ

کے مبارک ایام میں حسب سابق

حکیم عبدالحمید اعوان

(ابن حکیم نظام جان صاحب مرحوم)

ایوان محمود کے سامنے مشہور دواخانہ میں جلسہ سالانہ کے اوقات کے علاوہ صبح سات بجے سے رات نو بجے تک مطب کیا کریں گے!

عورتوں کیلئے علیحدہ حسب معمول زنانہ انتظام ہوگا

صوفی ہومیو شفاخانہ میں

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں ہومیو پیتھک و یونانی طب کی کتب ۔ امریکن و جرمنی سرلمبر و کھلی بلند سے بلند طاقت ۔ اور بائیوکیمک جرمنی و کامیاب فارمیسی کے مجربات و ٹیکوں کے علاوہ ذاتی مجربات کی خرید ادی کیلئے تشریف لاویں

ڈاکٹر صوفی علی محمد آر ۔ ایم ۔ پی

صوفی ہومیو شفاخانہ رحمت بازار ربوہ

رَبِّ زِدْنِی عِلْمًا "علم حاصل کرو، خواہ چین جانا پڑے" (فرمان رسول اکرمؐ)

نسیم

بیکار مت بیٹھئے — کوئی ہنر سیکھئے

محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کیساتھ اب آپ کو اچھا ہنر سکھاتا ہے

	کورس مدت	فیس		کورس مدت	فیس
(۱) سٹیل فکسر	۲ ہفتے	۱۰۰ روپے	(۵) راج	۱ ماہ	۳۰۰ روپے
(۲) سٹرنگ کارپینٹر	"	۱۰۰ روپے	(۶) انٹیریر ڈیکوریٹر	۱½ ماہ	۳۰۰ روپے
(۳) پائپ فٹر	۳ ہفتے	۱۵۰ روپے	(۷) کارڈرائیونگ	۲ ہفتے	۳۰۰ روپے
(۴) بلڈنگ پینٹر	۲ ہفتے	۸۰ روپے	(۸) ویلڈنگ (گیس اینڈ الیکٹرک)	۱ ماہ	۲۵۰ روپے

احمدی احباب کے لئے فیس میں ۱۰٪ رعایت

نسیم سٹیل فکسر ★ ٹریڈ ٹیسٹ اینڈ ٹریننگ سینٹر

بازار لال کھوہ نزد ناصر گڈی فروش ۔ اندرون موچی گیٹ ۔ لاہور (فون 59281)

★ برانچ: مسلم کالونی ۔ بسطامی روڈ ۔ سمن آباد ۔ لاہور ★

FOR SALE AND EXPORT OF

QUALITY CARPETS

CONTRACT

HAMID & CO.

26, NICHOLSON ROAD,

LAHORE.

PHONE 311429